باب 13

# تشاکل

# (Symmetry)

## 13.1 تعارف (Introduction)

روز مرّہ زندگی میں استعمال ہونے والا ایک عام سا لفظ ''تشاکل'' ہے جب ہم کوئی ایسی بناوٹ دیکھتے ہیں جو پوری طرح سے متوازن اور تناسب میں ہو تو ہم کہتے ہیں کہ یہ بناوٹ 'تشاکل' میں ہے۔فن تعمیر کے یہ نمونے تشاکل کی وجہ سے ہی خوبصورتی کے بہترین مثال بنے ہیں۔




ترونا مالائی (تامل ناڈو)



تاج محل (یوپی)

اگر ہم ایک تصویر کو بیچ میں سے اس طرح موڑیں کہ دائیں جانب کا حصہ بائیں جانب کے حصہ کو پوری طرح ڈھک لے تو کہا جاسکتا ہے کہ یہ (بیچ کا موڑ) تصویر خط تشاکل ہے (شکل 13.1)۔ہم دیکھ سکتے ہیں کہ دونوں آدھے حصے ایک دوسرے کا عکس ہیں۔ اگر ہم تصویر کے موڑ پر ایک آئینہ رکھ دیں تو اس کا عکس پوری طرح تصویر کے باقی حصہ جیسا ہی ہوگا تو یہ موڑ جو کہ یہاں آئینہ ہے،تصویر کے لیے تناسب کا محور یا خط تشاکل کہلاتا ہے۔



شکل 13.1

© NCERT not to be republished